# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## مرکز برائے فاصلاتی تعلیم وآن لائن ایجوکیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے داخلے کا اعلان کیا اور سال دو ہزار پچیس چھبیس کا پراسپیکٹس جاری کیا

August 11, 2025

مرکز برائے فاصلاتی تعلیم وآن لائن ایجوکیشن (سی ڈی او ای) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سال دو ہزار پچیس چھبیس کا اپنا پراسپیکٹس جاری کیا اور مختلف فاصلاتی وآن لائن وضع کے پروگراموں میں داخلے کا بھی اعلان کیا۔تعلیمی سال پچیس چھبیس کے لیے فاصلاتی تعلیم کا پراسپیکٹس سال دو ہزار پچیس چھبیس مورخہ آٹھ اگست دو ہزار پچیس کو جاری کیا گیا۔ واضح ہو کہ مذکورہ سینٹر دو ہزار دو میں قائم ہوا تھا اور سر دست سینٹر کے مختلف پروگراموں میں بیس ہزار سے زیادہ آموز گار رجسٹرڈ ہیں۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر مشاہد عالم رضوی، ڈین، اور پراسپیکٹس کمیٹی کے تین اراکین کی موجودگی میں سال دو ہزار پچیس چھبیس کا پراسپیکٹس جاری کیا۔

قابل ذکر ہے کہ سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دو ہزار پچیس چھبیس سیشن کے لیے درج ذیل مقبول عام پروگراموں میں فاصلاتی اور آن لائن وضع میں داخلے کی کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ :ایم۔اے ہندی، اردو، انگریزی، تعلیم، جغرافیہ، تاریخ، اسلامیات، سیاسیات، پبلک ایڈمنسٹریشن، سماجیات، کامرس، ایم۔بی۔اے، ایم۔اے (ایچ آر ایم) اور بی۔ایڈ۔، بی۔اے، بی سی آئی بی ایف، بی۔کام، بی بی ایس سمیت انڈر گریجویٹ پروگراموں میں بھی داخلے کی کاروائی شروع کر دی ہے۔علاوہ ازیں، سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ملازمت کے حصول کے نقطہ نظر سے وسیع تر امکانات والے مختلف ڈپلوما پروگرام جیسے گائیڈینس اور کونسلنگ کے میدان میں پی جی ڈپلوما اور جیو انفارمیٹکس میں بھی داخلے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ یہ نکتہ قابل ذکر ہے کہ ہر لحہ تبدیلیوں سے دوچار معاصر عالمی جاب مارکیٹ کے تقاضوں اور میلانات ورجحانات کے پیش نظر سی ڈی او ای مخصوص شعبوں میں ایڈوانسڈ ڈپلوما کی سہولیات بھی فراہم کرتا ہے۔

سینٹر، درج ذیل سات شعبوں میں ایڈوانسڈ ڈپلوما کی سہولیات دیتا ہے یعنی لاجسٹکس اینڈ سپلائی چین مینجمنٹ، پبلک پالیسی اینڈ گورنینس، انٹرنیشنل ریلیشن اینڈ گلوبل گورنینس، ایجوکیشنل میڈیا پروڈکشن، ماس میڈیا (ہندی) ماس میڈیا (اردو) اور ٹیکسیشن۔

اس سال جامعہ کا یہ سینٹر دو اہم سرٹیفیکٹ کورسیز یعنی سرٹیفیکٹ ان انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سرٹیفیکٹ ان کمپیوٹر ہارڈ ویئر اینڈ نیٹ ورک ٹیکنالوجی بھی متعارف کرار ہا ہے۔

مفصل پراسکپٹکس اور آن لائن داخلہ فارم کے لیے امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کنٹرولر امتحانات کی آفیشیل سائٹ

www.jmicoe.in

پر جائیں۔

پراسپیکٹس میں داخلہ کی کاروائی، پروگرام کی ساخت اور آموزگار کی اعانت سے متعلق خدمات کی جامع تفصیل موجود ہے۔ایسے تمام پروگرام جن میں انٹرنس ٹسٹ نہیں ہوتے ان میں داخلے کے لیے اکتیس اگست تک درخواستیں دی جاسکتی ہیں جب کہ انٹرنس ٹسٹ پر مبنی پروگراموں میں داخلے کے لیے جو کہ ایم بی اے اور بی۔ایڈ ہیں درخواست دینے کی تاریخ اکیس اگست دو ہزار پچیس رکھی گئی ہے۔

پراسپیکٹس کمیٹی کی کوششوں کی ستائش کرتے ہوئے شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف نے سی ڈی او ای کے ڈین سے آموزگاروں سے متعلق مدد و اعانت کو ملک کے طول و عرض میں عام کرنے اور نئی قومی تعلیمی پالیسی (این ای پی) کے مطابق ملک کی بہتر خدمت کے لیے طلبہ کے اندراج کو بڑھانے کو کہا۔ پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈین، سی ڈی او ای کو مبارک باد دی اور سماج کے پس ماندہ طبقات تک رسائی کے ہدف کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے بھرپور تعاون دینے کی بات کہی۔

پروفیسر مشاہد عالم رضوی نے سی ڈی او ای کی تعلیمی و ساختیاتی ضرورتوں اور اس کے تقاضوں کی تکمیل کے لیے شیخ الجامعہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کے متواتر تعاون کے تئیں گہرے خلوص و امتنان کا اظہار کیا جس سے پراسپیکٹس کا بروقت اجرا ممکن ہوسکا۔انھوں نے اس امر کو بھی اجاگر کیا کہ جامعہ انتظامیہ کی گراں قدر رہنمائی اور حوصلہ افزائی کے باعث سی ڈی او ای سات نئے پروگرام متعارف کرانے اور گزشتہ چھ مہینوں میں آموزش سے متعلق دو نئے امدادی مرکز بھی قائم کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔

سی ڈی او ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے نئے پروگرام متعارف کر کے فاصلاتی اور آن لائن وضع میں ملک کے دو دراز خطوں اور علاقوں میں معیاری تعلیم کی ترویج و اشاعت کے اپنے عہد کی توثیق مزید کی ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ